سوال

(264)وتر کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا وتر واجب ہے یا فرض ۔ فرض اور واجب میں کیا فرق ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز وتر تطوع ہے فرض نہیں ارشاد الفحول میں فرض اور واجب کو جمہور کے نزدیک مترادف قرار دیا گیا ہے البتہ حنفیہ کے نزدیک فرض اور واجب میں فرق ہے چنانچہ مسلم الثبوت وغیرہ میں ہے طلب جازم قطعی دلیل سے ثابت ہو تو فرض اور ظنی سے ثابت ہو تو واجب ہاں حنفیہ والا یہ فرق کتاب وسنت میں کہیں نہیں ملتا ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص218

محدث فتویٰ